ضمنی امتحان اور نظر ثانی کی تاریخ کا اعلان

ضمنی امتحان درجہ کتب 1447ھ مطابق 2026ء:

ضمنی امتحان کی تاریخ درج ذیل ہے:

بروز ہفتہ تا جمعرات بتاریخ 23 تا 28 شوال المکرّم 1447ھ مطابق 11 تا 16 اپریل 2026ء

ضمنی امتحان کے داخلے 10 شوال المکرّم 1447ھ تک وصول کیے جائیں گے۔ ضمنی امتحان میں درجہ کتب کا مکمل داخلہ آن لائن ہوگا، داخلہ فارم پر وصول نہیں کیا جائے گا۔ (فیس کا ثبوت، چالان فارم اور داخلہ کی فہرست بھیجنا لازم ہے)

آن لائن داخلوں کی قلمی فہرست (ہاتھ سے لکھی گئی) بھی دفتر وفاق کو بھیجنا لازم ہے۔ اگر کوئی داخلہ رہ گیا تو آن لائن اور قلمی فہرست کا موازنہ کیا جائے گا اور غلطی کی صورت میں قلمی فہرست کا اعتبار کیا جائے گا۔ تاہم اگر قلمی فہرست نہ بھیجی گئی تو پھر بعد میں عذر قبول نہیں ہوگا اور جو آن لائن داخلہ محفوظ کیا ہوگا صرف اُسی کا اعتبار کیا جائے گا۔

ضمنی امتحان میں شرکت کی اہلیت:

راسبین کو ضمنی امتحان میں شرکت کی بالکل اجازت نہیں ہوگی۔ جبکہ ضمنی اور رفع درجات والے طلبہ ضمنی امتحان میں شرکت کر سکیں گے۔ رفع درجات والے جس پرچے کا امتحان دوبارہ دیں گے حسب ضابطہ امتحان ہال میں آ کر حاضری لگانے پر اس پرچہ کے سابقہ نمبر کالعدم ہوں گے چاہے وہ حاضری لگانے کے بعد پرچہ دے یا نہ دے۔

چالیس فیصد یا زائد نمبر حاصل کرنے کے باوجود غائب یا کالعدم پرچوں میں دوبارہ شرکت لازم:

جو طلباء کسی پرچہ میں غائب ہوں گے یا کوئی پرچہ کالعدم ہوگا تو انہیں ضمنی قرار دیا جائے گا، چاہے وہ مجموعی طور پر چالیس فیصد نمبر حاصل کر چکے ہوں۔ کامیابی کے لیے لازم ہوگا کہ وہ ان مضامین کا پرچہ دوبارہ دیں۔

درجہ حفظ کا ضمنی امتحان:

حفظ کے سالانہ امتحان میں غیر حاضر رہنے والے یا راسب ہونے والے طلبہ وطالبات حفظ کے ضمنی امتحان میں شرکت کر سکتے ہیں۔ نیز ایسے طلبہ وطالبات جنہوں نے سالانہ امتحان کے داخلے تک حفظ مکمل نہیں کیا تھا اور اب رمضان المبارک تک حفظ مکمل کر لیا ہے، ان کے داخلہ فارم بھی اس امتحان کے لیے بھجوائے جا سکتے ہیں۔

امسال 1447ھ میں درجہ حفظ کے دوسرے امتحان کا داخلہ 10 ذیقعدہ 1447ھ تک وصول کیا جائے گا اور امتحان یکم ذوالحجہ 1447ھ کو ہوگا۔

حفظ کے امتحان میں جن طلبہ کا نتیجہ بوجہ پرائیویٹ یا مقطوع اللحیہ کالعدم ہو وہ اسی سال دوسرے امتحان میں شرکت کے اہل نہیں ہوں گے اور ایک سال کے بعد امتحان میں شرکت کر سکیں گے۔

نظر ثانی کی تاریخ:

سالانہ امتحان 1447ھ کے پرچوں پر نظر ثانی کی درخواستیں 10 شوال المکرّم تک وصول کی جائیں گی۔ وفاق کا مرتب کردہ نظر ثانی فارم ہی استعمال کیا جائے، جو کہ وفاق کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ ایک پرچہ پر نظر ثانی کی فیس، متعلقہ درجہ کی مکمل داخلہ فیس کے مساوی ہے۔ (20 رمضان المبارک تک ملنے والی درخواستوں پر 10 شوال تک نظر ثانی کی جائے گی، باقی درخواستوں پر بعد میں ہوگی)